# 02-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کسان سمان ندھی کی 20 ویں قسط جاری کی اور 20 ہزار 500 کروڑ روپے براہِ راست ملک بھر کے 9 کروڑ 70 لاکھ کسانوں کے بینک کھاتوں میں منتقل کئے۔

۲۔ تلنگانہ کی کابینہ کا اجلاس پیر کی دوپہر کو ہوگا۔ یہ اجلاس حیدرآباد کے سکریٹریٹ میں منعقد کیا جائے گا۔

۳۔ بی جے پی نے آج حیدرآباد کے دھرنا چوک پر احتجاج کیا اور الزام عائد کیا کہ ریاستی حکومت پسماندہ طبقات (بی سیز) کو 42 فیصد کوٹہ فراہم نہیں کر رہی ہے جیسا کہ کانگریس پارٹی کے کاماریڈی اعلامیہ میں اعلان کیا گیا تھا۔

۴۔ تلنگانہ حکومت نے سابق کرکٹر اور (TENVIC) کے بانی انیل کمبلے کے ساتھ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے ہیں تاکہ ایک منظّم فریم ورک تیار کیا جاسکے جو تعلیمی نظام، اسپورٹس سائنس اور کھیلوں کے ٹیلنٹ کی نشاندہی کو یکجا کرے۔

ANIL KUMBLE

تلنگانہ حکومت نے سابق کرکٹر اور (TENVIC) کے بانی انیل کمبلے کے ساتھ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے ہیں تاکہ ایک منظّم فریم ورک تیار کیا جاسکے جو تعلیمی نظام، اسپورٹس سائنس اور کھیلوں کے ٹیلنٹ کی نشاندہی کو یکجا کرے۔ اس یادداشت پر انیل کمبلے، تلنگانہ کے وزیرِ کھیل واکٹی سری ہری، ایس اے ٹی جی کے چیئرمین شیوسینا ریڈی، اسپیشل چیف سکریٹری برائے کھیل جےش رنجن اور دیگر سینئر عہدیداروں کی موجودگی میں دستخط کی گئی۔ وزیرِ اسپورٹس واکٹی سری ہری نے کہا کہ یہ پروگرام وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے اس ویژن سے مطابقت رکھتا ہے جس کے تحت کھیل اور تعلیم کو ریاست میں نوجوانوں کی ترقی کے اہم عوامل بنایا جائے گا۔ وزیر نے کہا کہ یہ اشتراک نہ صرف کھیلوں کے ٹیلنٹ کو تلاش اور پروان چڑھانے میں مدد دے گا بلکہ طلبہ کو تعلیم اور اسپورٹس سائنس کے درمیان توازن قائم رکھنے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

NITIN GADKARI

مرکزی وزیر روڈ ٹرانسپورٹ وہائی ویز نتن گڈکری نے آج آندھرا پردیش کے تروملا میں درشن کئے۔ ان کی آمد پر ٹی ٹی ڈی کے ایڈیشنل ای او وینکیا چودھری اور مندر کے پجاریوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔

GHRC

تلنگانہ ہیومن رائٹس کمیشن کے چیئر مین جسٹس شمیم اختر نے جڑ چرلہ کے سرسوتی نگر پارک میں 10 سالہ ماسٹر بی شریان کی موت کا سخت نوٹ لیا ہے۔ یہ حادثہ 4 جون کو 160 کلو وولٹ کے غیر محفوظ روڈ سائیڈ ٹرانسفارمر کی وجہ سے پیش آیا۔ اس سے قبل بھی ایک گائے اور ایک آوارہ کتا اسی مقام پر ہلاک ہوئے تھے لیکن حکام نے کوئی کارروائی نہیں کی۔ اپنے حکم میں کمیشن نے ٹرانسکو کو بالواسطہ طور پر ذمہ دار ٹھہرایا اور متاثرہ والدین کو پانچ لاکھ روپے معاوضہ دینے کی سفارش کی۔

ETELA

بی جے پی لیڈر اور رکن پارلیمان ای راجندر نے بی آر ایس پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بی سی کا فیصد بی آر ایس حکومت کے دور میں گھٹ کر 23 فیصد رہ گیا ہے اور اس پارٹی کو او بی سی پر بات کرنے کا کوئی اخلاقی حق نہیں۔ انہوں نے آج بی جے پی کے زیر اہتمام اندرا پارک میں منعقدہ او بی سی مہا دھرنا سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ کاماریڈی کے بی سی اعلامیہ میں کانگریس پارٹی نے کئی پہلوؤں کا اعلان کیا تھا اور اسے نافذ کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ ای راجندر نے کہا کہ کانگریس پارٹی بی سی طبقات کو کوٹہ کے نام پر مسلسل دھوکہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو آئے ہوئے 20 ماہ گزر چکے ہیں لیکن وعدے پورے نہیں کئے گئے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے سوال کیا کہ وہ وعدے پورے کرنے میں کیوں ناکام ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بی سی طبقات کو دھوکہ دینا بند کیا جائے۔

PM- PINGALI:

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج پنگلی وینکیا کی برسی پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پیغام میں مودی نے کہا کہ وینکیا کو ہندوستان کو ترنگا پرچم دینے کے کردار کے لئے یاد کیا جاتا ہے، جو ملک کا فخر ہے۔ وزیر اعظم نے عوام سے اپیل کی کہ ''ہر گھر ترنگا'' تحریک کو مضبوط کریں، ترنگا لہرائیں اور اپنی سیلفیاں یا تصاویر اپ لوڈ کریں۔

REV. DAY PM - KISAN

وزیراعظم نریندر مودی نے کسان سمان ندھی کی 20 ویں قسط جاری کی اور 20 ہزار 500 کروڑ روپے براہِ راست ملک بھر کے 9 کروڑ 70 لاکھ کسانوں کے بینک کھاتوں میں منتقل کئے۔ یہ ادائیگی اتر پردیش کے وارانسی سے کی گئی۔ وزیراعظم نے آج 52 ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور 2200 کروڑ روپے مالیت کے پراجکٹس کا افتتاح کیا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے کہا کہ یہ نیا بھارت ہے۔ آپریشن سندور کے دوران پوری دنیا نے خود مکتفی ہندوستان کی طاقت دیکھی۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم کسان سمان ندھی کسانوں کی فلاح کے لئے حکومت کے عزم کی ایک مثال ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری حکومت نے پچھلی دہائی میں کسانوں کے ہر مسئلہ کو حل کرنے کے لئے پوری طاقت کے ساتھ کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے کسانوں کے لئے ''پی ایم دھن دھانیا یوجنا'' کے نام سے ایک نئی اسکیم بھی شروع کی گئی ہے جس کے تحت 24 ہزار کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے۔

Sound Byte

ORGAN DAY:

مرکزی وزیر صحت و خاندانی بہبود جگت پرکاش نڈا نے آج کہا کہ پچھلے سال ملک نے ایک شاندار کارنامہ انجام دیا، ایک ہی سال میں تقریباً 18 ہزار 900 اعضا کی پیوندکاری کی گئی جو اب تک کی سب سے زیادہ ہے۔ نئی دہلی میں 15 ویں یومِ عطیہ اعضا سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ 2023 میں تین لاکھ سے زیادہ شہریوں نے نیشنل آرگن اینڈ ٹشو ٹرانسپلانٹ آرگنائزیشن کے ذریعہ اعضا عطیہ کرنے کا عہد کیا۔ وزیر نے یہ بھی واضح کیا کہ اعضا کی پیوندکاری میں ہندوستان دنیا میں تیسرے نمبر پر ہے۔

Sound Byte

اس موقع پر وزیر نے مختلف اعضا عطیہ کرنے والوں کے ارکان خاندان اور اعضا وصول کرنے والوں کو اعزاز سے نوازا۔

WEATHER:

آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی روزانہ موسمی رپورٹ میں کہا کہ تلنگانہ کے تمام اضلاع کے مختلف مقامات پر شدید ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔

CABINET:

تلنگانہ کی کابینہ کا اجلاس پیر کی دوپہر کو ہوگا۔ یہ اجلاس حیدرآباد کے سکریٹریٹ میں منعقد کیا جائے گا۔ یہ اجلاس دوپہر 2 بجے ہوگا۔ اس سلسلے میں ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ نے احکامات جاری کیے۔ گزشتہ 28 جولائی کو ہوئے کابینہ اجلاس میں ریاستی حکومت نے اہم فیصلے کیے جن میں آئندہ مقامی ادارہ جاتی انتخابات میں پسماندہ طبقات کے لئے 42 فیصد ریزرویشن اور ریاست میں مقامی طلبہ کے ایم بی بی ایس میں داخلے سے متعلق امور شامل تھے۔

EC:

الیکشن کمیشن نے بوتھ لیول آفیسرس (بی ایل اوز) کی سالانہ تنخواہ کو دگنا کرنے اور انتخابی فہرستوں کی تیاری و نظر ثانی میں شامل بی ایل اوسوپروائزرس کے معاوضہ میں اضافہ کا فیصلہ کیا ہے۔ کمیشن نے پہلی بار EROs اور AEROs کو بھی اعزازیہ دینے کا اعلان کیا۔ کمیشن نے اپنے بیان میں کہا کہ انتخابی فہرست تیار کرنے والے عملے، جن میں بی ایل اوسوپروائزرس اور بوتھ لیول آفیسرس شامل ہیں، نے سخت محنت سے غیر جانبدار اور شفاف انتخابی فہرستوں کی تیاری میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

BJP PROTEST:

بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے آج حیدرآباد کے دھرنا چوک پر احتجاج کیا اور الزام عائد کیا کہ ریاستی حکومت پسماندہ طبقات (بی سیز) کو 42 فیصد کوٹہ فراہم نہیں کر رہی ہے جیسا کہ کانگریس پارٹی کے کاماریڈی اعلامیہ میں اعلان کیا گیا تھا۔ احتجاجی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی جی کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت کا بی سی ذاتوں کا سروے جامع نہیں تھا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ 42 فیصد کوٹہ صرف بی سیز کو دیا

جائے اور کسی دوسری برادری کو ''معاشی طور پر پسماندہ طبقات'' کے نام پر شامل نہ کیا جائے۔ انہوں نے ریاستی حکومت سے بی سیز کو دی گئی یقین دہانیوں کو پورا کرنے کا بھی مطالبہ کیا اور بی سیز سے اپیل کی کہ وہ متحد ہو کر حکمران کانگریس پارٹی کو سبق سکھائیں اور مکمل حمایت کو یقینی بنائیں۔

JAGADISH

سابق وزیر اور بی آر ایس کے رکن اسمبلی جی جگدیش ریڈی نے کانگریس حکومت پر مالی بدانتظامی اور حکومت کی ناکامیوں کا الزام عائد کیا۔ ہفتہ کے روز تلنگانہ بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی کے دہلی کے بار بار کے دورہ سے کوئی فائدہ نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ریاستی حکومت نے 5 لاکھ کروڑ روپے، جن میں 2 لاکھ کروڑ روپے کے قرضہ شامل ہیں، خرچ کر کے تلنگانہ کو کانگریس کے لئے اے ٹی ایم بنا دیا ہے۔

○○